سوال

(264)وٹہ سٹہ کی شادی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا وٹہ سٹہ کی شادی جائز ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اسلام نے وٹہ سٹہ کی شادی کو ناجائز اور حرام قرار دیا ہے، سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ :

''أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الشِّغَارِ'' (رواہ البخاري: 5112، مسلم: 1415)

"رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح شغار یعنی وٹہ سٹہ کے نکاح سے منع فرمایا"

نکاح شغار یہ ہوتا ہے کہ کوئی شخص اپنی بیٹی یا بہن وغیرہ کے نکاح کے ساتھ دوسرے شخص کی بیٹی، بہن یا کسی بھی عورت سے نکاح کی شرط لگائے، خواہ حق مہر مقرر ہو یا نہ ہو۔

اور "المدونة" میں درج ہے :

"یہ بتائیں کہ اگر کسی نے کہا : اپنی بیٹی کی میرے ساتھ ایک سو دینار میں شادی کر دو، اس شرط پر کہ میں اپنی بیٹی کی تیرے ساتھ سو دینار میں شادی کر دونگا؟ تو امام مالک رحمہ اللہ نے اس کو ناپسند اور مکروہ جانا، اور اسے نکاح شغار یعنی وٹہ سٹہ کا ایک طریقہ خیال کیا" انتہی (دیکھیں : المدونة (98/2)

اور اس کی دلیل ابو داؤد وغیرہ کی درج ذیل حدیث بھی ہے جو عبد الرحمن بن ھرمز سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ :

عباس بن عبد اللہ بن عباس سے عبد الرحمن بن حکم نے اپنی بیٹی کی شادی کی، اور انہوں نے عبد الرحمن بن حکم سے اپنی بیٹی کی شادی کر دی، اور دونوں نے مہر بھی رکھا، تو معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ تعالی عنہما نے مروان بن حکم کو خط لکھا جس میں انہوں نے ان دونوں کے درمیان علیحدگی اور جدائی کا حکم دیا، اور اپنے خط میں لکھا :

یہ وہ شغار یعنی وٹہ سٹہ ہے جس سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا تھا" (سنن ابو داود حدیث نمبر (2075)

اور بعض اہل علم نے نکاح شغار کو فاسد نکاح شمار کیا ہے اس کا جاری رکھنا جائز نہیں

مستقل فتوی کمیٹی کے فتاوی جات میں درج ہے :

"إذا زوَّج الرجل مولیتہ لرجل علی أن یزوجہ الآخر مولیتہ : فہذا ہو نکاح الشغار الذي نہی عنہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ، وہذا ہو الذي یسمیہ بعض الناس نکاح "البدل" ، وہو نکاح فاسد ، سواء سمّی فیہ مہرا أم لا ، وسواء حصل التراضی أم لا أما إن خطب ہذا مولیۃ ہذا ، وخطب الآخر مولیتہ من دون مشارطۃ وتم النکاح بینہما برضی المرأتین مع وجود بقیۃ شروط النکاح : فلا خلاف فی ذلک ، ولا یکون حینئذ من نکاح الشغار" انتہیٰ (فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (427/18)

"جب کوئی شخص اپنی ولایت میں کسی عورت کی شادی کسی دوسرے شخص سے اس بنا پر کرے کہ وہ اپنی ولایت میں موجود عورت کا نکاح اس شخص سے کریگا تو یہ نکاح شغار یعنی وٹہ سٹہ کا نکاح ہے جس سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے ، اور اسے بعض لوگ نکاح بدل کا نام بھی دیتے ہیں ، اور یہ نکاح فاسد ہے ، چاہے اس میں مہر مقرر ہو یا نہ مقرر کیا جائے ، اور چاہے اس میں رضامندی حاصل ہو یا نہ حاصل ہو"

لیکن اگر اس شخص نے دوسرے شخص کی ولایت میں موجود عورت کو نکاح کا پیغام دیا اور اس دوسرے شخص نے پہلے کی ولایت میں موجود عورت کو نکاح کا پیغام بغیر کسی شرط کے دیا اور دونوں عورتوں کی رضامندی اور نکاح کی باقی شروط اور ارکان کے ساتھ نکاح ہو گیا تو اس میں کوئی اختلاف نہیں ، اور اس وقت یہ نکاح شغار نہیں ہو گا" انتہیٰ

اس سے یہ واضح ہوا کہ آپ نے ایک عظیم شرعی ممنوعہ کام کا ارتکاب کیا ہے ، چہ جائیکہ یہ معاشرتی اور نفسیاتی طور پر بھی عظیم اور بڑا ممنوعہ کام ہے

اس لیے آپ کو یہی نصیحت ہے کہ آپ اس شادی کی تکمیل سے اجتناب کریں ، اور آپ کسی بھی بناوٹی عذر کو قبول مت کریں ، بلکہ آپ اپنے بہنوئی پر واضح کر دیں کہ دونوں عقدوں کی اکھٹی شرط رکھنا حرام ہے ، اور اس طرح دونوں عقد نکاح ہی فاسد ہو جائیں گے ، اسے اپنی بیوی کو اپنے پاس ہی رکھنا چاہیے لیکن اسی وقت اس کو یہ بھی چاہیے کہ وہ نکاح دوبارہ کرے ، کیونکہ وٹہ سٹہ کی بنا پر نکاح فاسد تھا

اور اگر وہ ایسا کرنے سے انکار کر دے اور اسے چھوڑنے پر اصرار کرتا ہے تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا فرمان ہے :

اور اگر میاں اور بیوی جدا ہو جائیں تو اللہ تعالی اپنی وسعت سے ہر ایک کو بے نیاز کر دیگا ، اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا حکمت والا ہے ۔ (النساء : 130)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02